SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ ۱۹۷۴

SINDH ORDINANCE NO.VII OF 1974

سندھ سروس ٹربیونلس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE SINDH SERVICE TRIBUNALS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of Sindh Act XV of 1973

۳۔ ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۴کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Act XV of 1973

۴۔ ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV میں دفعہ ٦-A کی شمولیت

Insertion of Section 6-A in Sindh Act XV of 1973

۵۔ ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۸ کی ترمیم

Amendment of Section 8 of Sindh Act XV of 1973

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ ۱۹۷۴

SINDH ORDINANCE NO.VII OF 1974

سندھ سروس ٹربیونلس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE SINDH SERVICE TRIBUNALS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

[۱۸ اپریل ۱۹۷۴]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ سروس ٹربیونلس ایکٹ، ۱۹۷۴ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ سروس ٹربیونلس ایکٹ، ۱۹۷۴ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ سروس ٹربیونلس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Act XV of 1973

۲۔سندھ سروس ٹربیونلس ایکٹ، ۱۹۷۳ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳ میں:

(i)ذیلی دفعہ (۳) کی شق (b) میں، الفاظ " کلاس ۱ پوسٹ" کے لیئے لفظ "گریڈ ١٦ میں پوسٹ یا اس کے مساوی یا اعلیٰ عہدہ" متبادل ہوں گے؛

(ii)ذیلی دفعہ (٦) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ سے پہلے، کاما اور لفظ "،اگر اس کا معاوضہ بڑھایا گیا ہے۔" شامل کیئے جائیں گے۔

۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۴کی ترمیم
Amendment of section 4 of

۳۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۴ کے شرطیہ بیان میں، شق (b) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

Sindh Act XV of 1973 ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV میں دفعہ ٦-A کی شمولیت Insertion of section 6-A in Sindh Act XV of 1973	"(b)محکمہ کی اختیاری کے طرف سے موزونیت متعین کرنے یا دوسری صورت میں کسی شخص کو مقرر کیا جائے یا کسی خاص عہدہ رکھنے، یا اعلیٰ عہدےیا گریڈ میں ترقی دی جائے، اس سلسلے میں حکم یا فیصلہ دیا جائے کہ اس کے لئے ٹربیونل میں اپیل نہیں کی جائیگی۔" ۴۔مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ٦ کے بعد مندرجہ ذیل طور پر دفعہ ٦-A شامل کی جائے گی: (حدود) "٦-A۔ لمیٹیشن ایکٹ، ۱۹۰۸ (۱۹۰۸ کا ایکٹ IX) کی دفعہ ۵ اور ۱۲ کی گنجائش اس ایکٹ کے تحت اپیل پر نافذ نہیں ہوگی۔"۔
۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۸ کی ترمیم Amendment of section 8 of Sindh Act XV of 1973	۵۔مذکورہ ایکٹ میں موجودہ دفعہ ۸ کو اس دفعہ کی ذیلی دفعہ (۱) کے طور پر دوبارہ نمبر دیا جائے گا اور اس طرح ذیلی دفعہ (۱) کے طور پر دوبارہ نمبر دینے کے بعد مندرجہ ذیل ذیلی دفعہ (۲) شامل کی جائے گی: "(۲)خاص طور پر اور مندرجہ بالا اختیارات کی عام حیثیت سے تضاد کے علاوہ، ایسے قواعد مندرجہ ذیل معاملات کے لیئے فراہم کرتے ہیں، یعنی: (a)ٹربیونل کے میمبران کی مطلوبہ تعداد، جس کے سامنے شنوائی ہونی ہے، یا ٹربیونل کی طرف سے جاری کردہ حکم یا فیصلہ کیا جائے؛ اور (b)ٹربیونل کے چیئرمین یا میمبر کے عہدے پر عارضی آسامی کی بھرتی۔"۔ **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**